# PAKISTAN OXYGEN LIMITED

# اطلاع برائے غیر معمولی جلسۂ عام

# اطلاع برائے غیر معمولی جلسۂ عام

بذریعہ ہٰذا مطلع کیا جاتا ہے کہ **پاکستان آکسیجن لمیٹڈ** کا غیر معمولی جلسۂ عام مورخہ 23 جنوری 2020ء بوقت 3:00 بجے سہ پہر کمپنی کے رجسٹرڈ دفتر بمقام ویسٹ وہارف، ڈاکیارڈ روڈ، کراچی پر درج ذیل امور کی انجام دہی کیلئے منعقد ہوگا:

**عمومی کارروائی:**

ا۔ کمپنیز ایکٹ 2017 کے سیکشن 159 کے تحت 30 جنوری 2020 سے تین سال کی مدت کیلئے کمپنی کے 10 (دس) ڈائریکٹرز کا انتخاب کرنا جیسا کہ بورڈ آف ڈائریکٹرز کی جانب سے 16 دسمبر 2019 کو ہونے والے اجلاس میں متعین کیا گیا ہے۔ ریٹائر ہونے والے ڈائریکٹرز جناب وقار احمد ملک، جناب عاطف ریاض بخاری، جناب فواد انور، جناب سراج احمد دادا بھوائے، سید حسن علی بخاری، جناب شاہد محمود عمرانی، جناب شیخ محمد عبداللہ، جناب فیروز رضوی اور جناب محمد زندہ معین مہاجر ہیں۔

**خصوصی کارروائی:**

۲۔ درج ذیل قرارداد پر خصوصی قرارداد کی حیثیت سے غور کرنا اور اگر مناسب سمجھا جائے تو کسی ترمیم یا اس کے بغیر منظور کرنا:

**قرار پایا کہ** خصوصی قرارداد کے مطابق کمپنی کا مجاز سرمایہ حصص 400,000,000 روپے (چار سو ملین روپے) جو 40,000,000 عام حصص بحساب فی حصص 10 روپے پر مشتمل تھا، سے بڑھا کر 700,000,000 روپے (سات سو ملین روپے) جو 70,000,000 عام حصص بحساب فی حصص 10 روپے کر دیا گیا ہے اور یہ کہ کمپنی کے میمورینڈم آف ایسوسی ایشن کی موجودہ شق نمبر 5 میں ترمیم کی گئی ہے جسے درج ذیل کے مطابق پڑھا جائے:

**میمورینڈم کی شق نمبر 5**

کمپنی کا سرمایہ حصص 700,000,000 روپے (سات سو ملین روپے) جو 70,000,000 عام حصص بحساب فی حصص 10 روپے ہے۔ اصل حصص یا کسی بھی اضافی سرمایہ حصص کی متعدد درجہ بندی کی جاسکتی ہے اور کوئی بھی متعلقہ حقوق، امتیازی حقوق، شرائط یا پابندیاں ان سے منسلک کی جاسکتی ہیں۔

**مزید قرار پایا کہ** کمپنی کے سیکریٹری کو بذریعہ ہٰذا مجاز قرار دیا جاتا ہے کہ وہ اس سلسلے میں ضروری اقدامات کرے اور دستاویزات پر عملدرآمد کرائے جو درج بالا قرارداد پر عمل درآمد کیلئے ضروری ہوں۔

مادی حقائق پر مبنی اسٹیٹمنٹ جو کہ کمپنیز ایکٹ 2017 کے سیکشن (3)134 کے تحت درکار ہے، ممبرز کو غیر معمولی اجلاسِ عام کی اطلاع کی نقل کے ہمراہ ارسال کردی جائے گی۔

بحکم بورڈ

**مظہر اقبال**

کمپنی سیکریٹری

کراچی: 16 دسمبر 2019ء

**نوٹس:**

ا۔ کمپنی ممبران کیلئے پاکستان اسٹاک ایکسچینج کے پارکنگ ایریا نزد ٹاور سے ٹرانسپورٹ کی سہولت میسر ہوگی جو 23 جنوری 2020 کو ٹھیک 2:15 بجے سہ پہر روانہ ہوگی۔

۲۔ کمپنی کا شیئر ٹرانسفر رجسٹر غیر معمولی جلسۂ عام کیلئے مورخہ 17 جنوری 2020 تا 23 جنوری 2020ء (بشمول دونوں ایام) بند رہے گا۔

۳۔ صرف وہ افراد جن کے نام 16 جنوری 2020 کو کاروباری اوقات کے اختتام پر کمپنی کے ممبر رجسٹر میں درج ہوں گے، غیر معمولی جلسۂ عام میں شرکت اور ووٹ دینے کے اہل ہوں گے۔

۴۔ کوئی ممبر جو غیر معمولی جلسۂ عام میں شرکت کرنے اور ووٹ ڈالنے کا حقدار ہے، وہ اپنی جگہ دوسرے ممبر کو شرکت کرنے اور ووٹ ڈالنے کیلئے پراکسی مقرر کرنے کا اختیار رکھتا ہے بشرطیکہ کارپوریشن، کمپنی کے ممبر کی حیثیت سے ایسے فرد کو بطور پراکسی مقرر کرسکتی ہے جو کمپنی کا ممبر نہ ہو۔ پراکسی کے مؤثر ہونے کیلئے اس کی اطلاع کمپنی کے رجسٹرڈ دفتر میں اجلاس شروع ہونے کے مقررہ وقت سے کم از کم 48 گھنٹے پہلے وصول ہونا لازمی ہے۔

۵۔ ممبران سے درخواست ہے کہ وہ اپنے پتہ میں کسی تبدیلی کی صورت میں فوری طور پر مطلع کریں جو کمپنی کے شیئر رجسٹرار، سی ڈی سی شیئر رجسٹرار سروسز لمیٹڈ، سی ڈی سی ہاؤس، B-99-B بلاک B، ایس۔ایم۔سی۔ایچ۔ایس، مین شاہراہِ فیصل، کراچی-74400 کے پاس رجسٹرڈ ہے۔

## غیر معمولی جلسۂ عام میں شرکت کیلئے درکار ضروریات:

۶۔ سی ڈی سی اکاؤنٹ ہولڈرز کو سیکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان کے سرکیولر 1 مجریہ 26 جنوری 2000 میں درج رہنما ہدایات کی پیروی بھی کرنا ہوگی۔

### الف) اجلاس میں شرکت کیلئے:

i) افراد کی صورت میں اکاؤنٹ ہولڈر یا سب اکاؤنٹ ہولڈر اور/ یا وہ افراد جن کی سیکیورٹیز گروپ اکاؤنٹ میں ہیں اور ان کی رجسٹریشن کی تفصیلات ضوابط کے مطابق اپ لوڈ کردی گئی ہیں، کو اجلاس میں شرکت کیلئے اپنا اصل کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ (CNIC) یا اصل پاسپورٹ بطور شناخت پیش کرنا ہوگا۔

ii) کسی کاروباری ادارے کی صورت میں نامزد فرد کو بورڈ آف ڈائریکٹرز کی قرارداد/ مختار نامہ بمعہ نامزد کردہ فرد کے دستخط کے نمونے (اگر پہلے فراہم نہیں کئے گئے). اجلاس کے وقت پیش کرنا لازمی ہوں گے۔

### ب۔ پراکسیز کی تقرری کیلئے:

i) افراد کی صورت میں اکاؤنٹ ہولڈر یا سب اکاؤنٹ ہولڈر اور/ یا وہ افراد جن کی سیکیورٹیز گروپ اکاؤنٹ میں ہیں اور ان کی رجسٹریشن کی تفصیلات ضوابط کے مطابق اپ لوڈ کردی گئی ہیں، مندرجہ بالا شرائط کے مطابق پراکسی فارم جمع کروائیں گے۔

ii) پراکسی فارم دو افراد کی گواہی کے ساتھ ہو جن کے نام، پتے اور کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ نمبرز فارم میں درج کئے گئے ہوں۔

iii) بینیفشل اونر اور پراکسی کا کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ یا پاسپورٹ کی تصدیق شدہ نقول، پراکسی فارم کے ساتھ فراہم کی جائیں گی۔

iv) پراکسی کو اپنا اصل کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ یا اصل پاسپورٹ اجلاس میں شرکت کیلئے پیش کرنا ہوگا۔

v) کاروباری ادارے کی صورت میں، بورڈ آف ڈائریکٹرز کی قرارداد/ مختار نامہ بمع دستخط کے نمونے (اگر پہلے فراہم نہیں کئے گئے) پراکسی فارم کے ساتھ جمع کروانے ہوں گے۔

## الیکٹرانک ووٹنگ:

۷۔ ممبرز اپنا حق استعمال کرتے ہوئے کمپنیز ایکٹ، 2017 کے سیکشن 145-143 اور کمپنیز (پوسٹل بیلٹ) ریگولیشنز، 2018 کی ضروریات کے تحت ووٹنگ کا مطالبہ کر سکتے ہیں۔

## ویڈیو کانفرنس کی سہولت کیلئے رضامندی:

۸۔ اگر کمپنی کو 10% یا اس سے زیادہ کے شیئرز کے حامل ممبرز کی جانب سے، کراچی سے باہر کسی ایک جغرافیائی حدود میں رہتے ہوں، اجلاس کی تاریخ سے کم از کم 7 دن پہلے اجلاس میں ویڈیو لنک کے ذریعہ غیر معمولی جلسۂ عام میں شرکت کرنے کی درخواست موصول ہوجائے تو کمپنی سیکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان کے 2014 کے بتاریخ 21 مئی 2014 سرکیولر نمبر 10 کے تحت اس شہر میں دستیابی سے مشروط ویڈیو کانفرنس کی سہولت فراہم کردے گی۔

اس سہولت کو حاصل کرنے کیلئے، برائے مہربانی کمپنی کے شیئر رجسٹرار کو درج ذیل معلومات فراہم کریں اور info@cdcsrsl.com پر ای میل کریں۔

| |
|---|
| میں/ ہم/ میسرز۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔سکنہ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔بحیثیت ممبر **پاکستان آکسیجن لمیٹڈ**، رجسٹرڈ فولیو/ سی ڈی سی اکاؤنٹ نمبر۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔کے تحت۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔عمومی شیئرز کا/ کے حامل ہوں/ ہیں، ۔۔۔۔۔۔۔۔۔(برائے مہربانی شہر کا نام لکھیں) پر ویڈیو لنک کی سہولت حاصل کرنا چاہتا ہوں/ چاہتے ہیں۔ |
| دستخط ممبر(ز) |

## غیر دعویٰ شدہ بونس شیئرز اور ڈیویڈنڈز:

۹۔ کمپنی کی جانب سے اعلان کئے گئے کوئی بھی شیئرز یا ڈیویڈنڈ جو مقررہ اور واجب الادا تاریخ سے 3 سال تک غیر دعویٰ شدہ/ غیر ادا رہیں تو ایسے بونس شیئرز یا ڈیویڈنڈ شیئر ہولڈرز کو اپنا دعویٰ جمع کرانے کے نوٹس کے اجراء کے بعد فیڈرل گورنمنٹ کو کریڈٹ کرنے کیلئے سیکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان کے حوالے کردیئے جائیں گے۔ کمپنی کی جانب سے جاری ہونے والے شیئرز اور اعلان کئے جانے والے ڈیویڈنڈ کی تفصیلات جو 3 سالہ مدت سے زائد واجب الادا ہیں، شیئر ہولڈرز کو بھیج دی گئی تھیں۔ شیئر ہولڈرز سے درخواست کی جاتی ہے کہ وہ اس بات کو یقینی بنائیں کہ شیئرز اور ڈیویڈنڈ کیلئے ان کے دعوے کا فوری طور پر اندراج کرایا گیا ہے۔ اگر مقررہ وقت میں کمپنی میں کوئی دعویٰ جمع نہ کرایا گیا تو کمپنی اخبار میں نوٹس شائع کرنے کے بعد شیئرز اور غیر دعویٰ شدہ/ غیر ادا شدہ ڈیویڈنڈ کمپنیز ایکٹ 2017 کے سیکشن (2)244 کی شرائط کے تحت فیڈرل گورنمنٹ کو جمع کرادے گی۔

**کمپنیز ایکٹ، 2017 کے سیکشن (3)134 کے تحت درکار مادی حقائق کی اسٹیٹمنٹ**

یہ اسٹیٹمنٹ **پاکستان آکسیجن لمیٹڈ** کا غیر معمولی جلسۂ عام کی اطلاع کے ساتھ منسلک کر دی گئی ہے جو کمپنی کے رجسٹرڈ دفتر بمقام ویسٹ وہارف، ڈاکیارڈ روڈ، کراچی پر بروز جمعرات مورخہ 23 جنوری 2020ء بوقت 3:00 بجے سہ پہر منعقد ہوگا جس میں خصوصی امور انجام دیئے جائیں گے۔ اس اسٹیٹمنٹ کا مقصد ایسے خصوصی امور سے متعلق مادی حقائق کی وضاحت کرنا ہے۔

**<u>ایجنڈا آئٹم نمبر۲۔ مجاز سرمایہ حصص میں اضافہ اور میمورینڈم آف ایسوسی ایشن میں ترامیم کرنا</u>**

مستقبل میں کمپنی کے اداشدہ سرمایہ حصص کے اضافے کی ضرورت کو پورا کرنے کیلئے کمپنی کے مجاز سرمایہ حصص میں اضافہ کیا جا رہا ہے۔ کمپنی کے بورڈ آف ڈائریکٹرز کے مطابق کمپنی کے مجاز سرمایہ حصص میں اضافے کی تجویز دی گئی ہے جو 400,000,000 روپے (چار سو ملین روپے) جو 40,000,000 عام حصص بحساب فی حصص 10 روپے پر مشتمل تھا، سے بڑھا کر 700,000,000 روپے (سات سو ملین روپے) جو 70,000,000 عام حصص بحساب فی حصص 10 روپے کر دیا گیا ہے۔ جاری ہونے والے نئے عام حصص ہر لحاظ سے موجودہ عام حصص کے ساتھ پاری پاسو کی حیثیت کے حامل ہوں گے۔

مجاز سرمایہ حصص میں اضافے کو مدنظر رکھتے ہوئے کمپنی کے میمورنڈم آف ایسوسی ایشن کی کیپٹل کلاز (کلاز ۵) میں ضمنی ترامیم درکار ہونگی۔

اس مقصد کیلئے آئندہ منعقد ہونے والے غیر معمولی جلسۂ عام میں خصوصی قرارداد پر غور اور اس کی منظوری درکار ہوگی جس کی وضاحت غیر معمولی جلسۂ عام کی اطلاع میں ایجنڈا آئیٹم نمبر۲ میں کی گئی ہے۔

بورڈ اپنی تمام بہتر معلومات کی بنیاد پر اس بات کی تصدیق کرتا ہے کہ مجوزہ ترامیم قانون اور ریگولیٹری ڈھانچے کی قابل اطلاق شرائط کے مطابق ہیں۔

کمپنی کے ڈائریکٹرز کا کمپنی میں ان کے ملکیتی حصص کے علاوہ براہ راست یا بالواسطہ مجاز سرمایہ حصص کے اضافے میں کوئی ذاتی دلچسپی نہیں ہے۔

میمورینڈم آف ایسوسی ایشن کی موجودہ اور مجوزہ ترمیم شدہ شق درج ذیل ہیں:

| موجودہ | مجوزہ |
|---|---|
| میمورینڈم آف ایسوسی ایشن کی شق نمبر۵<br><br>کمپنی کا مجاز سرمایہ حصص 400,000,000 روپے (چار سو ملین روپے) جو 40,000,000 عام حصص بحساب فی حصص 10 روپے پر مشتمل ہے۔ اصل حصص یا کسی بھی اضافی سرمایہ حصص کی متعدد درجہ بندی کی جا سکتی ہے اور کوئی بھی متعلقہ حقوق، امتیازی حقوق، شرائط یا پابندیاں ان سے منسلک کی جا سکتی ہیں۔ | میمورینڈم آف ایسوسی ایشن کی شق نمبر۵<br><br>کمپنی کا سرمایہ حصص 700,000,000 روپے (سات سو ملین روپے) جو 70,000,000 عام حصص بحساب فی حصص 10 روپے ہے۔ اصل حصص یا کسی بھی اضافی سرمایہ حصص کی متعدد درجہ بندی کی جا سکتی ہے اور کوئی بھی متعلقہ حقوق، امتیازی حقوق، شرائط یا پابندیاں ان سے منسلک کی جا سکتی ہیں۔ |